إِن تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ

اگر قرض دو تم اللہ کو قرضِ حَسَنہ تو وہ اسے بڑھاتا چلا جائے گا تمہارے لیے اور بخش دے گا تمہارے (گناہ)۔

التَّغَابُن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيم

1. پاکی بولتا (تسبیح کر رہا) ہے اللہ کی جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں، اسی کا راج ہے اور اسی کو تعریف ہے۔
اور وہ ہر چیز کر سکتا ہے۔

2. وہی ہے جس نے تم کو بنایا، پھر کوئی تم میں منکر ہے اور کوئی تم میں ایماندار۔
اور اللہ جو کرتے ہو دیکھتا ہے۔

3. بنائے آسمان اور زمین تدبیر سے، اور صورت کھینچی تمہاری، پھر اچھی بنائی تمہاری صورت،
اور اسی طرف پھر (لوٹ) جانا ہے۔

4. جانتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں، اور جانتا ہے جو چھپاتے ہو اور جو کھولتے ہو۔
اور اللہ کو معلوم ہے جیوں (دلوں) کی بات۔

5. کیا پہنچا نہیں تم کو احوال ان لوگوں کا، جو منکر ہو چکے ہیں پہلے۔ پھر چکھی سزا اپنے کام کی،
اور ان کو دکھ کی مار (عذاب) ہے۔

6. یہ اس پر کہ لاتے تھے ان پاس انکے رسول نشانیاں، پھر کہتے، کیا آدمی ہم کو راہ سوجھائیں (دکھائیں) گے؟
پھر منکر ہوئے اور منہ موڑا اور اللہ نے بے پروائی کی۔
اور اللہ بے پرواہ ہے سب خوبیوں سراہا۔

7. دعویٰ کرتے ہیں منکر کہ ہرگز ان کو اُٹھانا نہیں ۔
تو کہو، کیوں نہیں! قسم ہے میرے رب کی! تم کو بیشک اٹھانا ہے، پھر تم کو جتانا ہے جو تم نے کیا،
اور یہ اللہ پر آسان ہے ۔
8. سو ایمان لاؤ اللہ پر اور اسکے رسول پر اور اس نور پر جو ہم نے اُتارا۔
اور اللہ کو تمہارے کام کی خبر ہے ۔

9. جس دن تم کو اکھٹا کریگا جمع ہونے کے دن، وہ دن ہے ہار جیت کا ۔
اور جو کوئی یقین لائے اللہ پر اور کرے کام بھلا، اُتارے اس سے اسکی برائیاں،
اور داخل کرے اسکو باغوں میں جن کے نیچے بہتی ندیاں، رہا کریں اس میں ہمیشہ ۔
یہی ہے بڑی مراد ملنی ۔
10. اور جو منکر ہوئے اور جھٹلائیں ہماری آیتیں، وہ ہیں دوزخ والے، رہا کریں اس میں ۔
اور بری جگہ پہنچے ۔

11. نہیں پڑتی کوئی تکلیف بن حکم اللہ کے، اور جو کوئی یقین لائے اللہ پر، راہ بتادے اس کے دل کو ۔
اور اللہ کو ہر چیز معلوم ہے ۔
12. اور حکم مانو اللہ کا، اور حکم مانو رسول کا ۔
پھر اگر تم منہ موڑو تو ہمارے رسول کا کام یہی ہے پہنچا دینا کھول کر ۔
13. اللہ! اس بن کسی کی بندگی نہیں ۔
اور اللہ پر چاہیئے بھروسا کریں ایمان والے ۔

14. اے ایمان والو! بعضی تمہاری جورویں (بیویاں) اور اولاد دشمن ہیں تمہارے، سو ان سے بچتے رہو ۔
اور اگر معاف کرو اور درگذر کرو اور بخشو تو اللہ ہے بخشنے والا مہربان ۔

15. تمہارے مال اور اولاد یہی ہیں جانچنے کو۔ اور اللہ جو ہے اس کے پاس ہے نیگ (اجر) بڑا۔
16. سو ڈرو اللہ سے جہاں تک (ڈر) سکو۔ اور سنو اور مانو، اور خرچ کرو اپنے بھلے کو۔
اور جس کو بچا دیا اپنے جی کے لالچ سے، سو وہ لوگ وہی مراد کو پہنچے۔
17. اگر قرض دو اللہ کو اچھی طرح قرض دینا، وہ دونا کر دیگا تم کو، اور تم کو بخشے۔
اور اللہ قدردان ہے تحمل والا۔
18. جاننے والا چھپے اور کھلے کا، زبردست حکمت والا۔

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com